صحیح وجہ سے نمایاں ہونا

# Prendere la parte giusta


LIDA Portugal

Sunniva Høiby-Øiset

Yasir Tayyab


4

اردو ur / Italiano it

ملک کے آزاد ہونے کے فوراً بعد، ایڈسن انگولا میں پیدا ہوا۔ وہ بہت لمبا لڑکا تھا۔ اپنے قد کی وجہ سے وہ نمایاں ہوتا تھا۔ جو لوگ خانہ جنگی میں فوجی بن کر لڑنے کے لیے بچوں کو ہتھیار دے رہے تھے، وہ اس جیسے لڑکے تلاش کر رہے تھے۔

• • •

Edson è nato in Angola, subito dopo l’indipendenza del paese. Era un ragazzo molto alto. Per la sua altezza, spiccava tra la gente. Quelli che davano armi ai bambini per farne soldati nella guerra civile cercavano ragazzi come lui.

اس کی ماں کو ڈر تھا کہ وہ اسے لے جائیں گے، اس لیے، اس نے اسے ایک خالہ کے ساتھ پرتگال میں رہنے کے لیے بھیجنے کا فیصلہ کیا۔ اس نے سوچا کہ وہ وہاں محفوظ رہے گا۔

• • •

Sua madre temeva che lo prendessero, così ha deciso di mandarlo a vivere in Portogallo con una zia. Pensava che lì sarebbe stato al sicuro.

وہاں نئی زندگی شروع کرنا بہت مشکل تھا، کیونکہ ایڈسن کو گرم موسم، روایتی کھانے اور سب سے زیادہ، اپنی ماں کے گلے ملنا اور بوسہ لینا یاد آتا تھا۔

• • •

All’inizio fu molto difficile, a Edson mancavano il clima caldo, il cibo tradizionale e soprattutto i baci e gli abbracci della madre.

وہ پرتگالی زبان اچھی طرح نہیں بولتا تھا اور اسے اپنی کلاسوں اور اپنے ہم جماعتوں کی بات چیت کو سمجھنا بہت مشکل لگتا تھا۔ وہ اس سوچ میں پڑ گیا کہ کیا اس کا پرتگال آنا اچھا فیصلہ تھا۔

• • •

Lui non parlava bene il portoghese ed aveva difficoltà a seguire le lezioni e le conversazioni dei compagni di classe. Si chiedeva se, dopo tutto, fosse stata una buona idea trasferirsi in Portogallo.

ایک دن ایک استاد نے دیکھا کہ وہ باسکٹ بال میں بہت اچھا ہے۔ وہ ایک باسکٹ بال ٹیم میں شامل ہوگیا اور بہت کامیاب رہا۔ وہ اسکول میں مشہور ہوگیا اور اس کے بہت سے دوست بن گئے۔ اس کے اعتماد میں مزید اضافہ ہوگیا۔

• • •

Un giorno un insegnante si accorse di quanto fosse bravo a giocare a basket. Allora è entrato in una squadra di basket e ha avuto un gran successo. È diventato popolare a scuola e ha fatto amicizie. È anche diventato più sicuro di sé.

اب جب کہ وہ بالغ ہو چکا ہے، ایڈسن پناہ گزین بچوں اور ایسے افراد کو تربیت دیتا ہے جنہیں معاشرے سے باہر نکالے جانے کا خطرہ ہوتا ہے۔ ایک بار، اس کے لمبے قد نے اسے فوجی بچہ بننے کے خطرے میں ڈال دیا۔ اب، اس کا قد اسے دوسروں کو محفوظ محسوس کرانے کی طاقت دیتا ہے۔

• • •

Ora che è adulto, Edson allena ragazzi rifugiati ed altre persone a rischio di emarginazione sociale. Un tempo per la sua altezza aveva rischiato di diventare un bambino soldato. Adesso, la sua altezza gli dà la forza di aiutare gli altri a sentirsi al sicuro.

# LIDA Stories

lidastories.net

## صحیح وجہ سے نمایاں ہونا

## Prendere la parte giusta


LIDA Portugal

Sunniva Høiby-Øiset

Yasir Tayyab (ur), Andrea Ciasca Marra (it)